# انگریزی انتظامیہ کے اثرات

I. دی گئی خالی جگہوں میں مناسب الفاظ سے خانہ پُری کیجئے۔

1- دیوانی عدالت نام کی شہری کورٹ۔۔۔۔۔۔۔۔۔نے قائم کیا۔ (وارن ہیسٹنگز)

2- سپریٹینڈینٹ آف پولیس کا عہدہ تخلیق کرنے والا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تھا۔ (لارڈ کارنوالس)

3- ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں بنگال اور بہار میں مستقل زمینداری نظام جاری کیا گیا۔ (1793ء)

4- الیگزانڈر ریڈ نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نامی محصولی نظام جاری کیا۔ (رعیت واری)

5- جدید تعلیمی توسیع کے لئے فروغ دینے والا انگریزی افسر۔۔۔۔۔۔۔تھا۔ (وارن ہیسٹنگز)

6- ریگولیٹنگ ایکٹ۔۔۔۔۔۔۔سن میں جاری ہوا۔ (1773ء)

7- مخصوص انتخابی حلقوں کا انتظام جاری کرنے والا ایکٹ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تھا۔ (1909ء کا ہندوستانی پریشد ایکٹ)

II. ان سوالات کے جوابات گروہی بحث کر کے لکھئے۔

**1- ایسٹ انڈیا کمپنی کے ذریعہ ملک میں انگریزوں کی تشکیل کردہ عدلی نظام کو واضح کیجئے۔؟**

**جواب:-** ☆ وارن ہیسٹنگز کے جاری کردہ نئے منصوبے کے تحت ہر ضلع میں دو عدالتوں کا ہونا لازمی تھا۔

☆ وہ دیوانی عدالت ( عوامی عدالت ) اور فوجداری عدالت (جرائمی عدالت ) ہیں۔

☆ یہاں پر عوامی عدالتوں میں ہندؤوں کو ہندو مقدس گرنتھوں اور مسلمانوں کو شریعت کو قوانین پر انصاف دی جاتی تھی۔

☆ جرائم کے عدالتی معاملات میں اسلام مذہب کے قوانین پر عمل کیا جاتا تھا۔انگریزوں کی جاری کردہ عدالتی نظام نے جرائمی عدالتوں میں تبدیلی لائی گئی۔

☆ عوامی عدالتیں یوروپی ضلعی افسر کے زیر نگرانی ہوا کرتی تھیں۔ جبکہ جرائم عدالتوں کی کاروائی یوروپ کے نگران کار کی موجودگی میں " قاضی " کے ذریعے ہوتی تھی۔

**2- انگریزی دور میں پولیس انتظامیہ میں ہوئی اصلاحات کون کونسے ہیں۔؟**

**جواب:-** ☆ داخلی امن کے انتظام کو نگرانی کرنے والا گروہ پولیس یا کوتوال ہوتا تھا۔

☆ سب سے پہلے منظم پولیس کا محکمہ قائم کرنے والا لارڈ کارنوالس تھا۔ ☆ اس نے "سپریٹنڈنٹ آف پولیس" (SP) نام کا ایک جدید عہدہ کی تخلیق کی تھی۔

☆ ضلع کو تمام اسٹیشن میں تقسیم کر کے ہر ایک اسٹیشن کو ایک کوتوال ہر قریہ یا دیہات کو ایک چوکیدار کی زیر نگرانی میں دیا گیا تھا۔

☆ کوتوال کو دیہاتی سطح پر چوری، ڈکیتی، جرم اور دیگر کو قابو میں رکھنے کی ذمہ داری دی گئی تھی۔

☆ 1781ء میں انگریز مجیسٹریٹ کے تقرر کا نظام جاری ہوا۔ تو تمام پولیس افسر مجیسٹریٹ کے ماتحت آ گئے۔

**3- مستقل زمینداری نظام سے کسان قرض میں پیدا ہوئے، قرض میں ہی زندگی گذاری اور قرض میں مر گئے، کس طرح؟ جائزہ لیجئے۔**

**جواب:-** ☆ 1793ء میں لارڈ کارنوالس نے سالانہ مقرر کردہ لگان کو وصول کرنے کے لئے بہار اور بنگال صوبوں میں جدید لگان کا طریقہ قائم کیا وہی مستقل زمینداری نظام ہے۔ ☆ اس نظام میں زمیندار ہی زمین کے مالک تھے۔

☆ اس نظام کے تحت زمیندار کو ہر سال اس پر لگائی گئی لگان کو مقرر کردہ تاریخ سے قبل سرکار کو ادا کرنا پڑتا تھا۔

☆ اس نظام سے زمیندار کو زیادہ فائدہ ہونے لگا کیونکہ سرکار کو ادا کی جانے والی رقم سے زیادہ وصول کی جانے والی رقم اس کی ہوتی تھی۔

ZULFIQAR ALI KODATI

☆ قحط یا سوکھے اور کثیر بارش ہونے والے دنوں میں لگان کی وصولی ممکن نہ ہوتی تو وہ سرکار کے مقرر کردہ لگان کو ادا کرنے سے قاصر رہ جاتا تب زمین کی ملکیت اس سے چھین لی جاتی تھی۔

☆ اس نظام سے انگریزوں اور زمینداروں کو فائدہ ہوا جبکہ کسان کو اسکا نقصان ہوا۔اس طرح کسان زمینداروں کو لگان ادا کرنے کے لئے قرض میں مبتلا ہونے لگے۔

**4- رعیت واری نظام کے اہم نکات کونسے ہیں۔؟** **جواب:-** ☆ 1792ء میں الیگزنڈر ریڈ نے تجربے کے طور پر سب سے پہلے بارہ محل صوبے میں جاری کیا۔

☆ اس نظام کو تھامس منرو نے مدراس اور میسور صوبوں میں 1801ء میں جاری کیا۔ ☆ اس نظام کے ذریعہ کسان اور سرکار کے درمیان راست تعلق قائم کیا گیا۔

☆ زمین پر ہل چلانے اور اگانے والے ہی کو اس زمین کا مالک قرار دیا گیا۔ ☆ کسان ہی سرکار کو %50 فیصد لگان ادا کرنا پڑتا تھا۔

☆ لگان کی مدت 30 سال کے لئے مختص کی گئی تھی۔

☆ چھوٹے چھوٹے کسانوں کو زمین کا حق دینے کے باوجود بھی لگان کی رقم سالانہ رقم سے زیادہ مقرر ہونے کی وجہ سے کسان تکلیف میں تھے۔

☆ لگان وصول کرنے والے افسران سختی سے کسانوں سے پیش آتے تھے۔

☆ فصل کم ہونے پر کسان قرضہ لے کر لگان ادا کرتے تھے یا چھوٹی سی زمین کو فروخت کرتے تھے۔

**5- انگریزوں کے لگان کی پالیسیوں سے کیا نتائج برآمد ہوئے۔؟** **جواب:-** ☆ کسانوں کے استحصال کے لئے ایک نئے سماج کی تشکیل زمینداروں کے نام سے ہوئی۔

☆ زمینداری نظام میں ملوث کسان مختلف طریقوں سے تکلیف میں آنے لگے۔ ☆ زمین ایک فروخت کی اشیاء بن گئی اور اس کو گروی رکھ کر قرض کو لیا جاتا تھا۔

☆ کئی زمینداروں نے بھی اپنی زمین کو گروی رکھ کر لگان ادا کیا۔

☆ زراعتی شعبہ بھی لین دین کا بن گیا۔انگلینڈ کے صنعتی انقلاب سے وہاں کی صنعتوں کو درکار خام اشیاء ہی کو پیدا کرنا پڑتا تھا۔

☆ پیسوں کے بیوپاری اور مضبوط ہونے لگے۔

**6- انگریزی تعلیمی نظام سے کیا اثرات ہوئے اس کی فہرست بنائیے۔؟**

**جواب:-** ☆ ہندوستانیوں میں جدیدیت، سیکولرزم، جمہوریت، سائنسی غور و فکر کے ساتھ قومیت کا جذبہ بھی فروغ دینا ممکن ثابت ہوا۔

☆ مقامی زبانیں اور ادبی تخلیقات کو بھی فروغ ملا۔اس سے عام آدمیوں میں یکساں غور و فکر کا مظاہرہ ہوا۔

☆ اخبارات اور میگزین کا عروج ہونے لگا۔

☆ اخبارات انگریزی سرکار کی غلط پالیسیوں کا تجزیہ کرتے ہوئے ہندوستانیوں میں انگریزی نظم و نسق کے متعلق اپنے تنقیدی غور و فکر کرنے کے جذبے کو بھی ابھارا۔

☆ جدید سماجی اور مذہبی اصلاحی تحریکیں جنم لیئے۔

☆ جے۔ایس۔روسو اور مانٹیگو جیسے مفکر کے خیالات نے ہندوستانی تعلیم یافتہ لوگوں کے غور و فکر اور حالات میں ایک جدت پسندی کی ترغیب دلائی۔

☆ دنیا بھر میں ہونے والے آزادی کی جدوجہد اور انقلابی تحریکات کا اثر ہندوستانیوں پر بھی ہونے لگا۔ ☆ ہندوستانیوں کو اپنے تہذیب و تمدن سے واقفیت ملی۔

**7- ریگولیٹنگ ایکٹ کے اہم دفعات کون کونسے ہیں۔؟** **جواب:-** ☆ بمبئی پریسیڈنسی اور مدراس پریسیڈنسی کو بنگال پریسیڈنسی کے ماتحت لایا گیا۔

☆ بنگال کا گورنر تینوں پریسیڈنسیوں کا گورنر جنرل بنا۔ ☆ گورنر جنرل کو بمبئی اور مدراس پریسیڈنسی کو ہدایت دینے اور نگراں کاری کرنے کا مکمل اقتدار دیا گیا تھا۔

☆ بنگال یا انگلینڈ سرکار کے کورٹ ڈائرکٹرس کی قبل از اجازت کے بغیر بمبئی اور مدراس پریسیڈنسی کو کسی پر بھی جنگ کرنے یا امن معاہدہ کرنے کا اختیار نہیں تھا۔

☆ کلکتہ میں سپریم کورٹ کا قیام کیا گیا۔

ZULFIQAR ALI KODATI

### 8- 1858ء کے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کے اہم نکات کون کونسے ہیں۔؟

**جواب:-** ☆ایسٹ انڈیا کمپنی کا خاتمہ ہوا اور ہندوستانی اقتدار کو ملکہ کے انتظام کو منتقل کیا گیا۔

☆گورنر جنرل کے نام کو مٹا کر وائسرائے کا نیا عہدہ بنایا گیا اور سب سے پہلے لارڈ کیانگ وائسرائے کے طور پر تقرر ہوا۔

☆انگریزی سرکار نے سکریٹری آف اسٹیٹ فار انڈیا کا عہدہ تخلیق کیا۔ ☆انگریزی وزراء کے اراکین کو ہندوستان کے انتظامی امور کی ذمہ داری دی گئی۔

☆انکی مدد کے لئے 15 اراکین پر مشتمل ہندوستانیوں کی کونسل کی تشکیل ہوئی۔

### 9- 1935ء کا گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ ہندوستان کے دستور کی بنیاد ہے۔ جائیزہ لیجئے۔؟

**جواب:-** ☆ انگریزی حکمرانی ریاستوں کے دیسی حکمرانوں کے اور نگراں کار حکمرانوں کی اکھیل تجارت اتحاد کی تشکیل کے لئے موقع دیا گیا۔

☆مرکز میں دوہری حکومت کا قیام ہوا۔ ☆ہندوستانی ریزروبینک آف انڈیا کے قیام کا موقع بھی دیا گیا۔

☆ریاستوں میں دو عملی حکومتوں کو رد کیا گیا اور ریاستوں کو خود مختاری دی گئی۔

☆ہندوستان میں وفاقی کورٹ کے قیام کا موقع بھی دیا گیا۔ اس لئے یہ ایکٹ ہندوستان کے دستور کی بنیاد ہے۔

### 10- 1919ء کے ایکٹ کے اہم نکات بتایئے۔؟

**جواب:-** ☆مرکز میں دوایوانی مقننہ کی تشکیل ہوئی وہ مجلس قانون ساز (نچلاایوان) اور ریاستی مجلس (اعلیٰ ایوان)

☆ریاستوں میں دو عملی حکومت کو موقع دیا گیا۔ ☆ہندوستان کے لئے ایک کمیشنر کا تقرر بھی ہوا۔

☆خود مختار انتظامی امور پر مبنی مقامی اداروں کی ترقی کا یقین دیا گیا۔ ☆مخصوص انتخابی حلقہ کو مسلمانوں، سکھ، اینگلوانڈین اور یوروپی لوگوں کی سطح تک وسیع کیا گیا۔

☆مرکزی بجٹ اور ریاستی بجٹ کو الگ الگ کیا گیا۔

### 11- محل واری نظام کے متعلق بتائیں۔؟

**جواب:-** ☆اترپردیش،، مدھیہ پردیش، پنجاب اور دہلی کے صوبوں میں اجتماعی طریقے سے مشورہ کرکے خود سرکار کو ٹیکس ادا کرنے کا طریقہ لاگو کیا گیا۔

☆اس نظام کو آر۔ایم۔ برڈ اور جیمس تھامسن نے شروع کیا تھا۔ ☆محل کی معنی تعلقہ کے ہیں۔ ☆ریاست سے ریاست میں اس طریقے میں کئی فرق تھے۔

☆چھوٹے اور بڑے زمیندار اس نظام میں شامل تھے۔

☆ کمپنی کے افسر زمین پر پیدا ہونے والی پیداوار سے زیادہ سالانہ ادائیگی کی رقم مقرر کرنے کی وجہ سے زمینداروں کا وجود ختم ہونے لگا۔

☆انہیں پر منحصر زندگی کرنے والے چھوٹے چھوٹے کسان اور مزدوروں کی حالت اور ابتر ہوگئی۔

### 12- انگریزوں کے تعلیم کے میدان میں لائے ہوئے اصلاحات کونسے ہیں۔؟

**جواب:-** ☆جدید تعلیم کو عام کرنے کے لئے 1781ء میں گورنر جنرل وارن ہیسٹینگز نے معاوضہ دے کر کلکتہ میں مدرسہ کھولا۔

☆جوناتھن ڈنکن نامی ایک اور انگریزی افسر نے 1792ء میں بنارس میں ایک سنسکرت کالج کو قائم کیا۔

☆انگریزی تعلیم کو سب سے پہلے پھیلانے اور توسیع کرنے والا پہلا شخص چارلس گرانٹ تھا۔

☆ 1828ء میں جب ولیم بینٹنگ ہندوستان کا گورنر بن کر آیا تب سے انگریزی تعلیم کی توسیع کے لئے اور فروغ ملا۔

☆عوامی تعلیم نظام سے متعلقہ کمیٹی کو بھی کمیٹی کے صدر کی طرح اسے منتخب کیا گیا۔

ZULFIQAR ALI KODATI

☆انگریزی تعلیم کے متعلق میکالے کی پیش کردہ رپورٹ ہی جدید تعلیم کی بنیاد بنی۔

☆ 1854ء میں چارلس ووڈ کے مراسلے کی سفارشات پر اس وقت کے گورنر لارڈ ڈلہوزی نے کلکتہ، بمبئی اور مدراس میں نئی یونیورسٹیاں بھی قائم کیں۔

**13- 1813ء کا چارٹر ایکٹ تاریخی ہے۔ کیوں۔؟** **جواب:-** ☆اس ایکٹ سے ہندوستان میں اگلے 20 سالوں کے لئے اقتدار دیا۔

☆اس ایکٹ سے پہلے ہندوستان میں تجارت کا حق کمپنی کے ساتھ ساتھ تجارت کے لئے خواہش مند لوگوں کو بھی دینے کے لئے جدوجہد کی گئی۔

☆اس لئے تمام خواہشمند لوگوں کو بھی تجارت کے حقوق دیے گئے۔ اس نتیجے میں نیا دور شروع کیا گیا۔ ☆اجازت اور منظوری نامہ کے لئے نیا دور شروع ہوا۔

☆اس کے بعد سے گورنر جنرل اور کمنڈران چیف کو بورڈ آف کنٹرول ہی تقرر کرتا تھا۔ ☆ہندوستان میں چرچ میں داخل ہونے کا حکم بھی دیا گیا۔

☆ہندوستانیوں میں جدید معلومات کو جاننے اس کو پھیلانے اور انکے اخلاقی اور مذہبی زندگیوں کی ذمہ داری مشنری اداروں کو سونپنے کی ہدایت بھی دی گئی۔

☆جس سے زیادہ مقدار میں عیسائی تبلیغی مشنری ہندوستان کو آئے۔ ☆عیسائی مذہب کی تبلیغ اور انگریزی تعلیم کی توسیع زیادہ ہونے لگی۔

**14- 1909ء کے ہندوستانی پریشد ایکٹ کے اہم دفعات کیا ہیں۔؟** **جواب:-** ☆مرکزی مجلس قانون ساز کے اراکین کی تعداد 16 سے بڑھا کر 60 کی گئی۔

☆ریاستوں میں بھی مجلس قانون ساز کے اراکین کی تعداد بڑھائیں گئی۔

☆سب سے پہلے انتخابات کے ذریعہ مجلس قانون ساز کے اراکین کو منتخب کرنے کا موقع دیا گیا۔

☆مسلمانوں کو مخصوص سیاسی مقام دینے کے لئے " خصوصی انتخابی حلقہ " کا انتظام جاری کیا گیا۔

**15- شہری خدمات کے انتظام کو جاری کرنے والا کون تھا۔؟** **جواب:-** لارڈ کارنوالس

**16- ریگولیٹنگ ایکٹ کب جاری ہوا اور اس کا مقصد کیا تھا۔؟** **جواب:-** 1773ء میں جاری ہوا اس کا مقصد ایسٹ انڈیا کمپنی کو قابو کرنا تھا۔

**17- کلکتہ میں فورٹ ولیم کالج کو کس نے قائم کیا۔؟** **جواب:-** لارڈ کارنوالس

**18- ہندوستان کا ہر بنیادی شہری نااہل اور جاہل کس نے کہا۔؟** **جواب:-** لارڈ کارنوالس

**19- دیوانی عدالتیں اور فوجداری عدالتیں کس نے شروع کئے۔؟** **جواب:-** لارڈ وارن ہیسٹنگز

**20- دیوانی عدالت اور فوجداری عدالت کسے کہتے ہیں۔ جواب:-** دیوانی عدالت یعنی عوامی عدالت ہے اور فوجداری عدالت یعنی جرائی عدالت ہے۔

**21- عوامی عدالتیں کس کے زیر نگرانی ہوا کرتی تھیں۔؟** **جواب:-** یوروپی ضلعی افسر کے

**22- سب سے پہلے منظم پولیس کا محکمہ کس نے قائم کیا۔؟** **جواب:-** لارڈ کارنوالس

**23- سپرٹنڈنٹ آف پولیس نامی نیا عہدہ تخلیق کس نے کیا۔؟** **جواب:-** لارڈ کارنوالس

**24- کوتوال کا کیا کام تھا۔؟** **جواب:-** دیہاتی سطح پر چوری، ڈکیتی، جرم اور دیگر کو قابو میں رکھنے کی ذمہ داری کوتوال کو دی گئی تھی۔

**25- 1902ء کے پولیس کمیشن قانون کی کیا اہمیت تھی۔؟**

**جواب:-** اس قانون کے تحت قابلیت و اہلیت حاصل کرنے والوں کو افسر کے عہدوں کے تقرر میں موقع دیا گیا تھا۔

**26- انگریزوں کے دور میں ہندوستانیوں کو فوج میں ملنے والا اعلیٰ عہدہ کونسا تھا۔؟ جواب:-** صوبیدار کا عہدہ۔

**27- فوجی انتظام کا دوبارہ لائحہ عمل تیار کرنے والی کمیٹی کونسی تھی۔؟** **جواب:-** پیل کی نگرانی کی کمیٹی۔

**28- مستقل زمینداری نظام کو کس نے جاری کیا۔؟** **جواب:-** لارڈ کارنوالس

ZULFIQAR ALI KODATI

29- مستقل زمینداری نظام سے کیا مراد ہے۔؟

**جواب:-** سالانہ مقرر کردہ لگان کو وصول کرنے کے لئے بہار اور بنگال صوبوں میں جو جدید لگان کا طریقہ قائم کیا وہی مستقل زمینداری نظام ہے۔

30- "ہندوستان کا کسان قرض میں ہی پیدا ہوتا ہے قرض میں ہی جیتا ہے اور قرض میں ہی مر جاتا ہے" کس نے کہا۔؟ **جواب:-** چارلیس میٹکاف

31-" ہندوستان کا کسان قرض میں ہی پیدا ہوتا ہے قرض میں ہی جیتا ہے اور قرض میں ہی مر جاتا ہے" اس کی کیا وجہ تھی۔؟

**جواب:-** انگریزوں کی زمینی لگان کی پالیسیوں کی وجہ سے۔

32- محل کے معنی۔؟ **جواب:-** تعلقہ

33- محل واری نظام کو کس نے جاری کیا۔؟ **جواب:-** آر۔ایم۔ برڈ اور جیمس تھامسن نے

34- رعیت واری نظام کو کس نے جاری کیا۔؟ **جواب:-** الیگزینڈر ریڈ

35- رعیت واری نظام کو سب سے پہلے تجربے کے طور پر کہاں جاری کیا گیا۔؟ **جواب:-** بارہ محل

36- رعیت واری نظام کو مدراس اور میسور صوبوں میں جاری کرنے والا کون تھا۔؟ **جواب:-** تھامس منرو

37- کس لگان کے نظام سے کسان قرض میں ڈوبنے لگے۔؟ **جواب:-** رعیت واری نظام

38- جدید تعلیم کو عام کرنے والا پہلا انگریزی افسر کون تھا۔؟ **جواب:-** لارڈ وارن ہیسٹنگز

39- کلکتہ میں مدرسہ کس نے کھولا۔؟ **جواب:-** لارڈ وارن ہیسٹنگز

40- بنارس سنسکرت کالج کس نے کھولی۔؟ **جواب:-** جوناتھن ڈنکن

41- انگریزی تعلیم کے پھیلاؤ کے لئے دباؤ ڈالنے والا پہلا شخص کون تھا۔؟ **جواب:-** چارلیس گرانٹ

42- گورنر جنرل کے مجلسی کمیٹی میں کس کو قانونی رکن بنایا گیا تھا۔؟ **جواب:-** لارڈ میکالے

43- عوامی تعلیمی نظام کمیٹی کے صدر کون تھے۔؟ **جواب:-** لارڈ میکالے

44- جدید ہندوستان کے تعلیمی نظام کی بنیاد کونسی ہے۔؟ **جواب:-** لارڈ میکالے کی رپورٹ

45- کلکتہ، بمبئی اور مدراس میں نئی یونیورسٹیاں کس نے قائم کیں۔؟ **جواب:-** لارڈ ڈلہوزی

46- کلکتہ، بمبئی اور مدراس میں نئی یونیورسٹیاں قائم کرنے کے لئے لارڈ ڈلہوزی کو کس نے سفارش کی۔؟ **جواب:-** چارلیس ووڈ

47- ایسٹ انڈیا کمپنی ہندوستان میں وصول میں سالانہ وصول کیا جانے والا ٹیکس ایک قسم کا جرم ٹیکس ہے کس نے کہا۔؟ **جواب:-** ایڈمنڈ برگ

48- سپریم کورٹ کا قیام کلکتہ میں کس ایکٹ کے ذریعہ ہوا۔؟ **جواب:-** ریگولیٹنگ ایکٹ 1773ء

49- پٹس انڈیا ایکٹ کب جاری ہوا۔؟ **جواب:-** 1784ء میں

50- بورڈ آف کنٹرول کو موقع دینے والا ایکٹ کونسا ہے۔؟ **جواب:-** پٹس انڈیا ایکٹ 1784ء

51- ہندوستان میں چرچ کو داخل ہونے کی اجازت دینے والا ایکٹ کونسا تھا۔؟ **جواب:-** 1813ء کا چارٹر ایکٹ

52- بنگال کے گورنر جنرل کو پورے ہندوستان کا گورنر جنرل قرار دینے والا ایکٹ کونسا تھا۔؟ **جواب:-** 1833ء کا چارٹر ایکٹ

53- گورنر جنرل کے نام کو مٹا کر وائسرائے کا نیا عہدہ بنانے والا ایکٹ کونسا تھا۔؟ **جواب:-** 1858ء کا ہندوستانی سرکار کا ایکٹ

ZULFIQAR ALI. KODATI

54- ہندوستان کا پہلا وائسرائے کون تھا۔؟ جواب:- لارڈ کیاننگ

55- 1909ء کے ہندوستانی پریشد ایکٹ کا دوسرا نام کیا ہے۔؟ جواب:- منٹو مارلے اصلاحات

56- 1919ء کے ہندوستانی پریشد ایکٹ کا دوسرا نام کیا ہے۔؟ جواب:- مانٹیگو جیمس فورڈ اصلاحات

57- "خصوصی انتخابی حلقہ" کا انتظام جاری کرنے والا ایکٹ کونسا تھا؟ جواب:- 1909ء کے ہندوستانی پریشد ایکٹ

58- 1919ء کا ہندوستانی پریشد ایکٹ کیوں جاری کیا گیا۔؟

جواب:- پہلی جنگ عظیم کے موقع پر ہندوستانیوں کو انگریزوں کی حمایت میں جنگ میں حصہ لینے کے لئے آکسانے کے لئے یہ ایکٹ جاری کیا گیا تھا۔

59- ہندوستان کو مرحلہ بہ مرحلہ ایک اچھی حکومت دینا برطانیہ کا حق ہے یہ اعلان کس کا تھا۔؟ جواب:- مانٹیگو

60- ریاستوں میں دو عملی حکومت کا موقع دینے والا ایکٹ کونسا تھا۔؟ جواب:- 1919ء کا ہندوستانی پریشد ایکٹ

61- ہندوستان کے دستور کی تشکیل میں کونسا ایکٹ بنیادی ایکٹ بنا۔؟ جواب:- 1935ء کا گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ

62- ہندوستانی ریزرو بینک کے قیام کا موقع دینے والا ایکٹ کونسا ہے۔؟ جواب:- 1935ء کا گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ

63- ہندوستان میں وفاقی کورٹ کے قیام کا موقع دینے والا ایکٹ کونسا ہے۔؟ جواب:- 1935ء کا گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ

ZULFIQAR ALI. KODATI